30 مئی 2018ء

اسٹیٹ بینک نے نئے کرنسی نوٹ جاری کرنے کے لیے ایس ایم ایس سروس دوبارہ شروع کر دی

بینک دولت پاکستان نے عوام کو نئے کرنسی نوٹوں کے اجرا کے لیے اپنے ذیلی ادارے ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن کے ذریعے ایس ایم ایس سروس دوبارہ شروع کر دی ہے۔

نئے نوٹ کمرشل بینکوں کی نامزد شاخوں سے دستیاب ہوں گے، جن کو 'ای برانچز' کہا جائے گا۔ اس کے علاوہ ایس بی پی بی ایس سی کے 16 فیلڈ دفاتر سے بھی نئے کرنسی نوٹ حاصل کیے جاسکیں گے۔ واضح رہے کہ ای برانچ کے لیے برانچ کا آئی ڈی بینکوں کے موجودہ برانچ / سوئفٹ کوڈ سے مختلف ہے۔ عوام کو موبائل ایس ایم ایس سروس کے ذریعے نئے نوٹوں کا اجرا یکم جون 2018ء سے شروع ہو گا اور 14 جون 2018ء تک جاری رہے گا۔ یہ سروس ملک کے 132 شہروں کی 1535 'ای برانچز' کے ذریعے فراہم کی جائے گی تا کہ زیادہ سے زیادہ علاقوں میں یہ سہولت فراہم کی جاسکے۔ ایک ایس ایم ایس پر چارجز 1.50 روپے جمع ٹیکس ہوں گے۔

نامزد 'ای برانچوں' کے برانچ کوڈ اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ www.sbp.org.pk، پی بی اے کی ویب سائٹ www.pakistanbanks.org اور کمرشل بینکوں کی ویب سائٹس پر دستیاب ہیں۔ اور انہیں نامزد 'ای برانچوں' کے باہر نمایاں مقام پر آویزاں کیا جائے گا۔

اس سہولت کے تحت نئے نوٹ حاصل کرنے کے خواہش مند فرد کو اپنا 13 ہندسوں والا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر یا اسمارٹ کارڈ نمبر اور مطلوبہ 'ای برانچ' کا کوڈ لکھ کر شارٹ کوڈ 8877 پر ایک ایس ایم ایس پیغام بھیجنا ہو گا، مثال کے طور پر :

3130205839863(space)KHI005]

بھیجنے والے فرد کو جواب میں ایک ایس ایم ایس موصول ہو گا جس میں اس کا ریڈیمشن کوڈ، ای برانچ کا پتہ اور کوڈ کے موئثر ہونے کی آخری تاریخ لکھی ہو گی۔ کوڈ زیادہ سے زیادہ دو ایام کار کے لیے موئثر ہو گا، ایس ایم ایس میں دی گئی تاریخوں کے مطابق۔ صارف کو اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ / اسمارٹ کارڈ، اس کی فوٹو کاپی اور 8877 سے موصولہ ٹرانزیکشن کوڈ لے کر متعلقہ ای برانچ جانا ہو گا جہاں سے نئے نوٹ مل جائیں گے۔ واضح رہے کہ ایک فرد 10 روپے کے تین پیکٹ جبکہ برانچ میں دستیابی کی صورت میں 50 روپے اور 100 روپے کے نوٹوں کا ایک ایک پیکٹ حاصل کر سکتا ہے۔

واضح رہے کہ ایک شناختی کارڈ / اسمارٹ کارڈ نمبر اور موبائل فون نمبر صرف ایک مرتبہ استعمال کیا جاسکتا ہے۔ کسی مختلف موبائل فون نمبر سے وہی سی این آئی سی / اسمارٹ کارڈ نمبر، یا اسی موبائل فون نمبر سے کوئی اور سی این آئی سی / اسمارٹ کارڈ نمبر بھیجا گیا تو کوئی ٹرانزیکشن کوڈ جاری نہیں کیا جائے گا۔ عوام کو معلومات / شکایات کی صورت میں مدد دینے کے لیے ایس بی پی بی ایس سی نے ایک ہیلپ ڈیسک یو اے این 877-008-111 (021) پر قائم کی ہے جو صرف دفتری اوقات کے دوران ہی دستیاب ہو گی۔

*****